بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن سرگودھا

نمبر: 334 /اے۔ایس۔جی　　　　　　　　　　تاریخ: 29-04-2026

منجانب:　　سیکرٹری

بجانب:　　جملہ سربراہان ہائی سکولز/ہائیر سیکنڈری سکولز گرلز اینڈ بوائز　(الحاق شدہ سرگودھا بورڈ)

عنوان: آن لائن رجسٹریشن شیڈول جماعت نہم بابت تعلیمی سیشن 2026-28ء

محترم/محترمہ

بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن سرگودھا کے سرکاری اور پرائیویٹ الحاق شدہ اداروں کے طلباء/طالبات کی جماعت نہم سیشن 2026-28ء کا آن لائن رجسٹریشن شیڈول درج ذیل ہے:

سیریل نمبر	شیڈول	تعلیمی اداروں میں داخلہ/ آن لائن رجسٹریشن انٹری send to board اور بنک میں فیس جمع کروانے کی آخری تاریخ	آن لائن رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی مع فیس چالان بورڈ میں جمع کروانے کی آخری تاریخ
1	رجسٹریشن جماعت نہم بغیر لیٹ فیس	25-04-2026 تا 08-06-2026	08-06-2026
2	600/- روپے لیٹ فیس فی طالب علم (بورڈ کو واجب الادا ہوگی) کے ساتھ جماعت نہم میں رجسٹریشن	09-06-2026 تا 23-06-2026	23-06-2026
3	رجسٹریشن فیس	1100/- روپے فی طالب علم	-
4	پروسیسنگ فیس	630/- روپے فی طالب علم	-
5	بورڈ ڈویلپمنٹ فنڈ	300/- روپے فی طالب علم	-
6	سکالرشپ فیس	180/- روپے فی طالب علم	
7	سپورٹس فیس	200/- روپے فی طالب علم	
	مڈل سٹینڈرڈ امتحان کا نتیجہ دیر سے نکلنے کی صورت میں	تاریخ اشاعت نتیجہ سے 10 یوم کے اندر	تاریخ داخلہ سے 10 یوم کے اندر

آخری تاریخ کو اتوار/سرکاری تعطیل ہونے کی صورت میں اگلے روز کو آخری تاریخ تصور کیا جائے گا۔

سربراہان ادارہ جات مطلع ہوں کہ پنجاب بورڈ کمیٹی آف چیئرپرسن کے اجلاس منعقدہ مورخہ 18-02-2026 کی شق نمبر 10 کے تحت بائیومیٹرک طلبہ/طالبات کی فنگر پرنٹس لازمی قرار دے دی گئی ہے۔اس ضمن میں دفتری جاری سرکلر نمبر ASG-333 مورخہ 29-04-2026 کے مطابق جملہ ادارہ جات اپنے طلبہ/طالبات کی آن لائن رجسٹریشن کے وقت بائیومیٹرک ڈیوائس (SecuGen-Hu20A) پر فنگر پرنٹس کی لائیو سکیننگ پراسیس کو یقینی بنائیں گے

Female Right Hand Thumb+Right Hand Index Finger

Male Left Hand Thumb + Left Hand Index Finger

ادارہ جات کی سہولت کے پیش نظر فنگر پرنٹس کی لائیو سکیننگ پراسیس طریقہ کار بورڈ کی ویب سائیٹ لنک پر بھی رکھ دیا گیا ہے جسے ملاحظہ کیا جاسکتا ہے۔

گورنمنٹ ادارہ جات کے لئے فی طالب علم فیس درج بالا ٹیبل سیریل نمبر 4 تا 7 کے تحت مبلغ -/1310 روپے جبکہ پرائیویٹ ادارہ جات کی فی طالب فیس درج بالا ٹیبل سیریل 3 تا 7 کے تحت مبلغ -/2410 روپے لاگو ہوگی۔ دفتری سرکلر نمبر 88-1380 مورخہ 10-07-2023 کے تحت جملہ ادارہ جات (سرکاری/پرائیویٹ) user otp authentication سالانہ فیس مبلغ -/4000 روپے سالانہ بذریعہ بنک چالان جمع کروائیں گے۔البتہ سنگل فیس شیڈول/ڈیڈلائن گزر جانے کے بعد گورنمنٹ ادارہ جات کے طلبہ/طالبات مکمل رجسٹریشن فیس معہ لیٹ فیس فی طالب علم مبلغ -/3010 روپے کے حساب سے جمع کروانے کے پابند ہونگے۔

1- ضروری ہدایات

(i) PBCC فیصلہ مورخہ 10-09-2024 دفتری سرکلر نمبر 914 مورخہ 03-12-2024 کے تحت جماعت نہم میں داخلہ/آن لائن رجسٹریشن کرتے وقت طلباء/طالبات کی اس سال مورخہ یکم اگست 2026ء کو کم از کم 11 سال 02 ماہ عمر ہونا ضروری ہے۔(جس طالب علم یا طالبہ کی تاریخ پیدائش یکم جون 2015ء یا اس سے پہلے کی ہے وہ جماعت نہم سیشن 2026-28ء میں داخلہ/رجسٹریشن کی اہل ہے)۔

(ii) ایک سو یا سو سے زائد طلبہ کی صورت میں دیگر فیس کے علاوہ رزلٹ گزٹ/سی ڈی فیس مبلغ -/700 روپے الگ سے بذریعہ بنک چالان پر جمع کروائیں گے۔ نیز بعد از اشاعت رزلٹ جمع شدہ فیس چالان -/700 کی رسید کا پی سٹور برانچ میں دکھا کر رزلٹ گزٹ/cd حاصل کر سکتے ہیں۔

2- دوبارہ داخلہ (Re - Admission)

ادارہ کے سربراہان جماعت نہم میں فیل/پاس/غیر حاضر یا 33% سے کم نمبر حاصل کرنے والے طلباء/طالبات کو کلاس نہم کا رزلٹ شائع ہونے کے پندرہ دن کے اندر اندر Re-admit کرکے ڈیٹا آن لائن کریں گے۔رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی داخلہ کے بعد 03 یوم کے اندر اندر فائل کور کے اندر لگا کر جمع کروانا ہوگی۔واضح رہے کہ Re-admit امیدواران کو پوری رجسٹریشن فیس، پروسیسنگ فیس، ڈویلپمنٹ فنڈ -/2410 روپے ادا کرنا ہونگے۔واضح رہے کہ پاس امیدواران بھی اپنا سابقہ رزلٹ جماعت نہم شعبہ امتحان (میٹرک برانچ) سے منسوخ کروا کر کسی بھی ادارہ میں ری ایڈمیشن طلباء 2 سال اور طالبات 5 سال کے اندر صرف ایک ہی بار لے سکتے ہیں۔سربراہ ادارہ جات کو ہدایت کی جاتی ہے کہ مکمل چھان بین/کانٹ چھانٹ (verification) کے بعد مروجہ قوانین کو مدنظر رکھتے ہوئے طلباء/طالبات کا ری ایڈمیشن کیا جائے۔ پارٹ II (دہم) کا رول نمبر الاٹ ہو جانے کے بعد طلباء/طالبات پارٹ I (نہم) میں رجسٹریشن/داخلہ کے اہل نہ ہیں۔

3. مقررہ تواریخ کے بعد موصولہ ریٹرن پر جرمانہ

مذکورہ بالا دی گئی تواریخ پر سختی سے عمل کیا جائے بالا تواریخ میں کسی قسم کا ردوبدل/توسیع نہ ہوگی۔ Data send to board/ آن لائن رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی بروقت بورڈ آفس جمع نہ ہونے کی صورت میں آخری تاریخ کے بعد ادارہ جات درج ذیل شرح سے جرمانہ جمع کروا کر اصل بنک چالان ہمراہ لف کرکے بورڈ میں صرف دستی جمع کروائیں گے (آنے والے اہلکاران کو بورڈ کی طرف سے TA/DA نہیں دیا جائے گا)۔ تاخیر کی صورت میں متعلقہ ادارہ کو حسب ذیل شرح سے جرمانہ ادا کرنا ہوگا۔

(i) طلباء/طالبات کی تعداد 5 تک پہلے ماہ -/1000 روپے جرمانہ اس کے بعد ہر ماہ -/3000 روپے

(ii) طلباء/طالبات کی تعداد 10 تک پہلے ماہ -/2000 روپے جرمانہ اس کے بعد ہر ماہ -/5000 روپے

(iii) 10 سے زائد طلباء/طالبات کی صورت میں پہلے ماہ -/600 روپے یومیہ اس کے بعد -/1000 روپے یومیہ جرمانہ ناقابل معافی ہوگا۔ جو سربراہ ادارہ (سکول انتظامیہ) بذریعہ بنک چالان جمع کروائے گا۔ کسی بھی طالب علم/طالبہ سے جرمانہ کی مد میں کوئی رقم وصول نہیں کی جائے گی۔

4- آن لائن رجسٹریشن میں درستی کا طریقہ کار

کوائف میں درستی/تبدیلی کی آخری تاریخ	15-10-2026
فیس برائے درستی/تبدیلی	مبلغ -/250 روپے (فی غلطی)
جرمانہ کے ساتھ کوائف میں درستی/تبدیلی کی آخری تاریخ	ایڈمیشن فارم شروع ہونے سے 2 یوم قبل تک
فیس برائے درستی/تبدیلی	-/250+-/500=-/750 روپے (فی غلطی)

شیڈول تبدیلی مضمون/مضامین اور گروپ

تبدیلی مضمون/مضامین کی آخری تاریخ:	15-10-2026
فیس برائے تبدیلی فی مضمون مبلغ -/450 روپے	تبدیلی گروپ کی مروجہ فیس مبلغ -/1050 روپے
جرمانہ کے ساتھ آخری تاریخ:	ایڈمیشن فارم شروع ہونے سے 2 یوم قبل تک
فیس برائے تبدیلی فی مضمون مبلغ -/850 روپے	تبدیلی گروپ کی مروجہ فیس مبلغ -/2050 روپے

نوٹ:- سربراہ ادارہ/سکول انتظامیہ کو ہدایت کی جاتی ہے کہ NOC کی بنیاد پر/ اسپیشل کیس فریش رجسٹریشن/ری ایڈمیشن داخل کیے گئے طلباء/طالبات کے امتحانی داخلہ فارمز میں درج تمام کوائف نام، ولدیت، تاریخ پیدائش، تصویر، مضمون/مضامین/گروپ و جماعت وغیرہ بمطابق رجسٹریشن ڈیٹا بغور پڑھنے کے بعد تصدیق کیے جائیں۔ کسی بھی قسم کے تضاد کی صورت میں داخلہ فارم دفتر ہذا میں جمع کروانے سے قبل جنرل برانچ سے فوری رابطہ کریں۔ بصورت دیگر امتحانی داخلہ فارمز میں کسی بھی قسم کی غلطی کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم/طالبہ اور متعلقہ ادارہ پر عائد ہوگی۔ واضح رہے کہ دفتر ہذا میں موصول ہونے والے امتحانی داخلہ فارمز پر درج کوائف/Data کو ہی حتمی قرار دیا جائے گا۔ رولنمبر سلپس کے اجراء کے بعد باضابطہ مروجہ طریقہ کار کے مطابق نام، ولدیت، تاریخ پیدائش (جنرل برانچ) اور رجسٹریشن نمبر، تبدیلی مضمون/گروپ میں درستی متعلقہ برانچ سے کروائی جائے۔

5- ٹرانسفر سرٹیفکیٹ (NOC) کی بنیاد پر داخلہ/سکول ٹو سکول مائیگریشن

دوسرے بورڈوں سے جماعت نہم/دہم میں Migrate ہو کر آنے والے طلباء/طالبات کا داخلہ ٹرانسفر سرٹیفکیٹ (NOC)، سابقہ ادارہ کا لیونگ سرٹیفکیٹ کے اجراء کے 45 یوم کے اندر اندر کیا جاسکتا ہے۔ اس کے بعد NOC پر داخلہ نہیں کیا جاسکتا ہے۔ فارورڈنگ لیٹر + اصل NOC + مجوزہ فیس کا کمپیوٹرائزڈ بنک چالان + "ب" فارم کی واضح مصدقہ نقل + 2 عدد رنگین پاسپورٹ سائز تازہ تصاویر + سکول چھوڑنے کے سرٹیفکیٹ کی واضح مصدقہ نقل + مینول رجسٹریشن ریٹرن جس میں تمام کوائف کی تفصیل درج ہو کے ہمراہ بذات خود آن لائن رجسٹریشن کیلئے جنرل برانچ سے رابطہ کریں۔ لیٹ جمع کروانے کی صورت میں مبلغ -/100 روپے یومیہ جرمانہ ناقابل معافی سربراہ ادارہ (سکول انتظامیہ) سے وصول کیا جائے گا۔ واضح رہے کہ امتحانی داخلہ فارم ڈبل فیس شیڈول جاری ہونے تک مائیگریشن/NOC کی بنیاد پر داخلہ کیا جاسکتا ہے۔ اس کے بعد کوئی داخلہ مائیگریشن/NOC کی بنیاد پر نہ ہوگا۔ جماعت دہم میں داخلہ کی صورت میں جماعت نہم کے تصویر والے رزلٹ کارڈ کی واضح مصدقہ فوٹو کاپی لف کریں۔ لوکل سکول ٹو سکول مائیگریشن کی صورت میں آن لائن فارم پر Apply کرنے کے بعد -/7500 روپے فیس جمع کروانا ہوگی جبکہ دوسرے شہر کے سکول میں مائیگریشن کی صورت میں مبلغ -/2500 روپے ادا کرنا ہوں گے۔ سابقہ ادارہ طلباء/طالبات کے ریکارڈ کو آن لائن سسٹم میں Leave جبکہ نئے ادارہ والے آن لائن سسٹم میں Receive کریں گے۔ نیز مائیگریشن process مکمل ہونے کے بعد مائیگریشن سرٹیفکیٹ بورڈ میں جمع کروانے کی ضرورت نہ ہے۔ والدین/سرپرست کی ٹرانسفر وغیرہ کی صورت میں NOC کی بنیاد پر امتحان شروع ہونے سے 20 یوم قبل تک امیدواران کو داخلہ کی اجازت ہوگی۔

مزید معلومات کیلئے جنرل برانچ ٹیلی فون نمبر (048-3250057) پر رابطہ کریں۔

دستخط/-
سیکرٹری

نقول برائے اطلاع:-

-1 CEO ایجوکیشن سرگودھا، خوشاب، میانوالی، بھکر
-2 سرگودھا بورڈ سے الحاق شدہ جملہ سربراہان ادارہ جات
-3 پی ایس ٹو چیئرمین/پی اے ٹو سیکرٹری/پی اے ٹو کنٹرولر امتحانات
-4 جملہ افسران/سپرنٹنڈنٹس بورڈ ہذا
-5 ویب ڈویلپر اینڈ ڈیزائنر برائے ویب سائیٹ
-6 ڈائریکٹر تعلقات عامہ سرگودھا
-7 APP سرگودھا

اسسٹنٹ سیکرٹری (جنرل)
برائے سیکرٹری